رسالہ

فاتح الابصار

BRA

تالیف حضرت قدوۂ اولیائے کبار زبدۂ عظمائے اخیار سر اللہ الاکبر سیدنا و مولانا

حافظ شاہ علی انور قلندر قدس سرہ الاطہر

معہ ترجمہ و تحشیہ

از خلف سلف الاثر جناب مولانا مولوی محمد تقی حیدر صاحب سلمہ اللہ العلی الاکبر

در مطبع سرکاری ریاست رامپور طبع شد

فہرست کتاب ہذا

مضمون

بسم الله الرحمن الرحیم

سبحانک یا من هو لا تدرکه الابصار
وهو یدرک الابصار وهو اللطیف الخبیر
والصلوة علی محمد نور الانوار وکاشف
الاسرار بشیر ونذیر وعلی آله واصحابه الذین
هم کاظم انوار سید الابرار واولیائه العظام
الاخیار وانهم بالسلام جدیر

امّا بعد از مدتے کوکب این تمنا بر سپهر علم
فروز شهادت داشت و بدر کامل این آرزو بر چار دهم
دل میتافت که تحریرے شافی در بیان مسائل چند
برنگارم و دوام تقریرے وافی در رام کردن این
وحشیان قلبی بگستر خصوصًا پرتو چراغ روشت
باری را که در شبستان علم تجلی نموده بود یا جهت افروز

بسم الله الرحمن الرحیم

پاک ہے وہ جسکا ادراک آنکھیں نہیں کر سکتیں اور
وہ ابصار تو انکا ادراک کرتا ہے اور وہ لطیف خبیر ہے
اور درود حضرت محمد صلعم پر جو نور الانوار اور اسرار
کے کھولنے والے اور بشارت دینے اور خوف دلانے
والے ہیں اور انکی اولاد و اصحاب پر جو آنحضرت صلعم
کے انوار سے منور ہیں اور انکی اولیا امت پر جو بزرگ بہتر اور لائق سلام ہیں

اما بعد ایک عرصہ سے اس خواہش کا تارہ میرے
آسمان قلب پر روشن اور اس آرزو کا بدر کامل
دل کے چودھویں آسمان پر جلوہ فگن تھا کہ ایک عمدہ تحریر
چند مسائل کے بیان میں لکھوں اور دوام تقریر ان
وحشیان قلبی کو مسخر کرنے کو بچھاؤں خصوصًا پر تو چراغ روشت
باری کو جو میرے شبستان علم میں اجالا پھیلا اس سے صفحہ

قرطاس سازم شاید که تذکرهٔ این جسمانیات رفته
رفته باحسانِ روحانی کشد و بصارتِ مرا از تنگنای
مکان بو سعتکدهٔ دیدارِ بیکیف و لامکان برد۔
للّٰه الحمد والمنة که بعد از سعی بلیغ و جهدِ وافر بخواهش
و فرمایش بعضی از احباب پریزادان تمنا را بافسون
قلم تسخیر کشیدم و صورهای که وحشیانه بر آمدن خاطر
سیگردیدند بگلدام تحریر و تصویر در آوردم فی گلهای
تحقیقی اند که در دامن ورق ریخته زرها در بوته گداختم
و بشکل تفصیلی اند که در گلوی قلم آویختم امید که حسنِ قبول
بینندگان مرا بخطاب کان سعیکم مشکورا
نوازد و حق شناسی عزیزان نیازمند را بنوید هل
جزاء الاحسان الا الاحسان سرفراز سازد
مسائلیکه تا کنون برداشته ام در ابیات بیان آن
در سینه این اطبا افروخته تمثیل و بیان چند مسئله از
نام این رساله فلتح الابصار گردانیده بو که
بصیرت بخشاید و باصرهٔ ان را با سبب البصیرت قرب
نوازد یا اللّٰهم نور قلبی کما جعلت اسمی
باقرار البشر علی المدعو بالانوار کبری
اکبریت ای باسم انسابی شاه علی اکبر خلیفه
حیدری شاه حیدر علی قلندر و حضرت

کاغذ روشن کرون شاید کہ ان جسمانیات کا تذکرہ
مجھکو احسانِ روحانی اور میری بصارت کو تنگنای
مکان سے وسعتکدہ دیدارِ بیکیف و لامکان کی طرف
لیجائے خدا کا شکر و احسان ہے کہ انتہا کی کوشش کے
بعد بعض دوستون کی خواہش و فرمایش سے
پریزادانِ تمنا کو بیچ افسونِ قلم سے مسخر کیا اور ان
وحشی صورتونکو جو میرے دل مین پھرتی رہتی تہین تحریر
تصویر کے گلدام مین لے آیا نہین بلکہ وہ گلہای تحقیق
ہین جنکو دامن ورق مین بکھیر کر زرِ خالص بنا کر پگھلایا
مین ڈالا اور انکی تفصیلی ہیکلین بنا کر گلوی قلم مین پہنائین
مجھے امید ہے کہ ناظرین کا حسنِ قبول مجھکو کان سعیکم
مشکورا کے خطاب سے سرفراز اور مخلصین کی حق شناسی
نیازمند کو ھل جزاء الاحسان الا الاحسان
خوشخبری سے ممتاز کریگی جن مضامین کے بیان کرنیوالا ہون
وہ چند مسائل ہین اور اس رسالہ کا نام فلتح الابصار
ہے تاکہ اس سے نابیناؤنکو بصیرت نصیب ہو بینائی والونکو
رب البصیرت قرب حاصل ہو۔ خداوندا میرا لقب
جسطرح میرا نام تو نے لوگونمین علی انور مشہور کیا اور مجھکو
بزرگ کرے جسطرح میرے والد کو بنام نامی (حضرت
شاہ علی اکبر خلیفہ حیدری حضرت شاہ حیدر علی قلندر

احسان بجا آوری عبودیت با مشاہدہ ربوبیت ۱۲ سلمہ ترا بری کوشش مشکور ہوئی ۱۲ سلمہ احسان کا بدلہ بجز احسان کے کیا ہے

اوستاذی و مولائی شاه تقی علی الکاظمی
روح الله روحهما و اوصل الینا فتوحهما۔

مسئلهٔ اول رویت باری و لقائے او در قیامت
چگونه خواهد شد جواب اینجا سه فصل اند

فصل اول این مسئله در رسالهٔ درر مصنفهٔ حضرت
سرمایهٔ علم و هنر مولانا شاه رفیع الدین محدث دهلوی
بتفصیل مستوفی مرقوم است عجالة الوقت اینست که
عقیدهٔ اهل سنت و جماعت است کثرهم الله جماعتهم
که دیدار الٰهی در جنت بے جهت خواهد شد یعنی بغیر لون
و شکل و بعد و جهت تصویر این کلام محققان اهل کشف
عقل بچند وجه بیان کرده اند چنانچه خود حضرت شاه صاحب
در جواب سائلے تحریر فرموده اند که حکیم ابو نصر فارابی در
کتاب فصوص خود میگوید که انکشاف شی گاهے بر وجه
جزئی شخصی میباشد و گاهے بوجوه کلیه که عنوان یک شخص
یا اشخاص کثیره شود و اول را رویت و ثانی را معرفت
و ثالث را علم گویند حاصل در وقت تعلق بدن از
حق جل شانه قسم ثانی است و بعد خلع بدن این معرفت
ترقی نموده بدرجه اول رسد این را تعبیر برویت نموده
میشود و این کلام نقل مضمون است نه ترجمه عبارت
و از کلام حضرت مجدد چنان مستفاد میشود که لذتیکه
مبصر و باصره را در وقت معائنه حاصل میشود

اُستادی و مولائی شاہ تقی علی قلندر کاظمی قدس
سرہما بزرگ کیا۔

پہلا مسئلہ قیامت مین خدا کا دیدار اور ملاقات
کیونکر ہوگی۔ جواب اِس مین تین فصلین ہین

پہلی فصل یہ مسئلہ رسالہ دُرر مصنفہ سرمایہ علم و
ہنر حضرت مولانا شاہ رفیع الدین محدث دہلوی
مین پوری تفصیل سے مرقوم ہی مختصر یہ ہی کہ اہل سنت
و الجماعت کا اسپر اتفاق ہی کہ دیدار حضرت حق
جنت مین بے جہت ہوگا یعنی بلا رنگ و شکل و بُعد
و جہت محققین اہل کشف نے یہ مسئلہ کئی طرح سے
بیان کیا ہی چنانچہ خود حضرت شاہ صاحب نے
ایک سائل کے جواب مین تحریر فرمایا ہی کہ حکیم ابو نصر
فارابی اپنی کتاب فصوص مین لکھتے ہین کہ شی کا
انکشاف کبھی بروجہ جزئی شخصی ہوتا ہی اور کبھی بوجوہ
کلیہ کہ جو وجوہ کلیہ ایک یا زیادہ اشخاص کا عنوان ہون
اول کو رویت دوسری کو معرفت تیسری کو علم کہتے ہین
تعلق بدن کے وقت جو انکشاف حق جل شانہ کا حاصل
ہوتا ہی وہ قسم ثانی ہی اور بعد خلع بدن یہ معرفت
ترقی کرکے اول درجہ پر پہنچتی ہی جسکو رویت سے تعبیر کرتے ہین
یہ کلام مضمون کی نقل ہے نہ ترجمہ عبارت اور حضرت مجدد کے کلام سے یہ
پایا جاتا ہی کہ وہ لذت جو دیکھنے والے اور نظر کو معائنہ کے وقت حاصل

بقدرتِ الٰہی بہ نسبتِ آن ذاتِ مقدسہ بیچگون
لذتے در بصر و مبصر پیدا خواہد شد و این را بجز ابصار
و رویت تعبیر نتوان کرد کہ عبارتے دیگر بجز این تعبیر
مفید انکشافِ تام نبودہ است و بعضی دیگر نفہمیدند
کہ رویت در رائی متحقق شود و بحصولِ تمثلِ مرئی در
جلیدیہ و از آنجا بمجمع النور و از آنجا در حسِ مشترک
و از آنجا بنفسِ ناطقہ صورتِ خیالیہ و وہمیہ و عقلیہ
تجرید میکند و در ہمین رشتہ نزول میکند اما علمِ عقلی
بواسطہ وہم و خیال بحسِ مشترک نزول میکند و شبیہ
حالتِ ابصار حاصل میگردد اما چونکہ با جلیدیہ
نزول نیست ابصارِ حقیقی نتوان گفت و در آنجہان
کہ نفوس مقدسہ و مطمئنہ گشتہ کمالِ اتصاف
بجنابِ مبدء پیدا میکنند اشعہ نورانی آن ذاتِ
مقدسہ بر قوتِ عقلیہ و وہمیہ پرتو میزنند و از آنجا
بر خیال و حسِ مشترک نزول میکنند و بسببِ شروع
فیضِ الٰہی و قوتِ مدرکہ انسانی در رفعِ موانعِ نوم
و تعطیلِ حواس در مجمع النور و جلیدیہ نیز ریزش
خواہد کرد چنانکہ اینجا است درین جہان در جہت
مکان نیست آن معاینہ حقیقت نیز در جہت و در مکان

قدرتِ الٰہی سے اُس ذاتِ مقدسہ کے متعلق ویسی ہی
ایک لذت بصر اور مبصر مین پیدا ہوگی اور اُسکو بجز
ابصار و رویت تعبیر نہین کر سکتے کیونکہ کوئی اور عبارت
بجز اس تعبیر کے انکشافِ تام کا فائدہ نہین دیتی اور بعض اور لوگ
نہین سمجھے ہین کہ رویت دیکھنے والے مین اُسوقت ثابت ہوتی ہے جب
دیکھی ہوئی شی کا عکس پردہ جلیدیہ[1] مین حاصل ہوتا ہے اور
وہانسے مجمع النور پھر حسِ مشترک[2] مین اور وہانسے نفسِ ناطقہ[3] صورتِ
خیالیہ و وہمیہ و عقلیہ کی تجرید کرتا ہے اور (وہ انکشاف بھی اگرچہ)
اسی سلسلہ مین نزول کرتا ہے کیونکہ علمِ عقلی بواسطہ وہم و خیال
حسِ مشترک مین نازل ہوتا ہے اور ابصار کے مشابہ حالت حاصل ہوتی ہے
لیکن چونکہ جلیدیہ کے ساتہ نزول نہین ہے اسلئے ابصارِ حقیقی نہین ہو
سکتی اور اُس عالم مین چونکہ نفوس مقدس و مطمئن ہو کر اُنہی مبدا
کے ساتہ پورا اتصاف پیدا کرتی ہین لہذا اُس ذاتِ مقدسہ کے نور کی کرنین
قوتِ عقلیہ و وہمیہ پر پرتو فگن ہوتی ہین اور وہانسے خیال و حسِ مشترک پر
نازل ہوتی ہین اور بسبب شروع فیضِ الٰہی و قوتِ مدرکہ
انسانی در رفع موانع خواب و تعطیلِ حواس مجمع النور و جلیدیہ
مین بھی ریزش کرینگی جسطرح اس عالم مین خیالات بھی جہت
و مکان مین نہین وہ معاینہ حقیقت بھی بے جہت و
بے مکان

[1] پردہ جلیدیہ [illegible] [2] حسِ مشترک وہ قوت ہے جو تمام صورِ محسوسات کو جو حواسِ خمسہ ظاہرہ
مین منقوش ہوتی ہین قبول کرتا ہے اور وہ بمنزلہ حوض [illegible] کے ہے [illegible] بمنزلہ نہرون کے جو حوض مین پانی پہنچاتی ہین اور اسکا
محل جو [illegible] پیشانی [illegible] [3] نفسِ ناطقہ [illegible] قوتِ مدرکہ انسان مین ایک قوت ہے

نخواہد بود و بعضے گویند کہ در حدیث انچہ در باب
رویت وارد شدہ بر نفی جہت و سلب لوازمِ جسمیت
ایمائے نمید ہد اینقدر ہست کہ آن تجلیِ عیانیِ صوری
از سایر مظاہر بدو وجہ امتیاز میدارد اما از سایر مخلوقات
کہ نیز مظاہرِ صفاتِ آنجناب اندپس بانیکہ ظہور ذات
دران مقام بعنوانِ الوہیت است و در سایرِ مظاہر
بعنوانِ خلقیت و انواعِ کائنات چنانچہ از نار حضرت
کلیم را ندائے انا اللہ لا الٰہ الا انا میرسید و اما
از سایرِ تجلیاتِ صوری و خیالی و حسی آنجہانی پس
بدینوجہ است کہ ظہور ذاتِ مقدسہ دران مقام بظہور
مباینِ صورِ کائناتِ معلومہ و مقرون بجدی از عظمت
و کبریا و نور و بہا و جمال و صفا و شموسِ کمالاتِ ذاتی
و صفاتی و اسمائی خواہد بود کہ حوصلۂ ناظر اکمل و اشرف را
در وہم و عقلِ خود گنجایش ندارد و بر اکثر ازان در تصور
آوردن نمیتوانند و انچہ اہلِ سنت نوشتہ اند کہ رویت
آنجہانی بے کیف است برائے دفع اشکالات معتزلہ
از ثبوتِ لوازمِ جسمیہ گفتہ اند چون حقیقتِ تجلی دریافتہ شود
جملہ اشکالات آنہم رفع میباشند و معہذا بعضے اکابر
میفرمایند کہ نفس را بسبب استغراق در شہودِ حق

نہوگا۔ بعضے کہتے ہین کہ حدیث مین متعلق رویت جو کچھ
آیا ہے اُس سے نفیِ جہت و سلب لوازمِ جسمیت کیطرف
کوئی اشارہ نہین ہے یہ البتہ ہے کہ وہ تجلیِ عیانیِ صوری
تمام مظاہر سے بدو وجہ ممتاز ہے۔ ان تمام مخلوقات سے
(جو اُسکے مظاہرِ صفات ہین) تو اس حیثیت سے ممتاز ہے کہ انمین
ظہورِ ذات بعنوانِ الوہیت[1] ہے اور تمام مظاہر مین بعنوان
خلقیت و انواعِ کائنات جیسے آگ سے حضرت کلیم اللہ
کو آواز انا اللہ لا الٰہ الا انا[2] سنائی دیتی تھی اور
اُس عالم کے تجلیاتِ صوری و خیالی و حسی سے اس طور
پر ممتاز ہے کہ انمین ذاتِ مقدس کا ظہور ایسے ظہور سے
ہوگا جو صورِ کائنات سے علیحدہ اور عظمت و کبریا و نور
و بہا و جمال و صفا و کمالاتِ ذاتی و صفاتی و
اسمائی کے ساتھ ناظرِ کامل کے حوصلۂ عقل و وہم سے
باہر ہوگا۔ اہلِ سنت نے جو یہ لکھا ہے کہ اُس عالم
کی رویت بے کیف ہے تو یہ محض معتزلہ کے
دفع اعتراضات کیلئے کیونکہ اُنھون نے لوازم
جسمیت کو ثابت کیا ہے جب حقیقتِ تجلی معلوم
ہو جائیگی تو انکے اعتراضات سب رفع ہو جائینگے اور باوجود
اِسکے بعضے اکابر فرماتے ہین کہ نفس شہودِ حق[3] مین استغراق کیوجہ

[1] الوہیت کے معنی خدائی اور خداوندی کے ہین اور یہ لفظ مقامِ تفصیلِ صفات پر جو اجمال کا بھی جامع ہو بولا جاتا ہے یعنی جس مقام کہ رب و مربوب کو اعتبار کرتے ہین ۱۲ مترجم [2] مین اللہ ہون بجز میرے کوئی معبود نہین ۱۲ [3] شہودِ حق رویتِ الٰہی یعنی مراتبِ کثرات و موہومات صوری سے عبور کر کے اور توحیدِ عیانی کے مقام پر پہنچکر کل موجودات کی صورتون مین حق کا مشاہدہ کرے غیریت بالکل دور ہو جائے
[illegible]

احساس هیچ غیر از زمان و مکان و جهت و وجود
خود و غیر خود نخواهد بود همین را معاینه بے جهت و شکل
و لوازم جسمیه میتوان گفت بالجمله همچنانکه گفته میشود
که زید و عمر را صریحاً دیدم و حالانکه سوای بعضے اعراض
ایشان ندیده ام هرگاه این مسامحه بغیر در شاهد که موضوع
لغوی لفظ رویت است جاری باشد در غایت ترفع
آن چرا باید کوشید و چرا التزام باید کرد که کنه ذات
صرف که از تعلق ادراک و فهم معرا است بر آن احساس
و ابصار اقتدار نه دارند و این رویت در حق خواص
عوام به سه وجه مختلف میشود یکی بحسب قرب و بعد
دیگر بحسب قلت و کثرت حجب دیگر زیادتی معرفت
صفات و کمی آن که در وے کسب شده و تائیدش
که شبه نیست که بدن ارضی را به نسبت روح حیوانی
در وجدان بدل ذات مقدسه حجاب زیاده تر است
و روح حیوانی همچنین به نسبت عالم مثال متوسط
که عالم عامه ملائکه است و عالم مثال متوسط به نسبت
عالم مثال علوی که مقام ملائکه مقربین است چون
به عالم مثال ترقی نماید صورت همان عالم اکتساب
کند و بدن او حکم ارواح علویه پیدا کند آنچه در اینجا
غیب است آنجا شهادت باشد واشرقت الارض[1]

کسی غیر کا احساس شکل زمان و مکان و جہت اور اپنی
یا وجود غیر کے نہو گا اسکو معاینہ بے جہت و شکل و لوازم
جسمیت کہنا چاہئے جیسے کہا جاتا ہے کہ زید و عمر کو میں نے
صریحاً دیکھا حالانکہ بجز انکے بعض اعراض کے اور کچھ
نہیں دیکھا جبکہ یہ مسامحہ بغیر شاہد میں جو موضوع لہ
لغوی لفظ رویت ہے جاری ہوگا تو اسکے غایت
ترفع میں کیوں کوشش اور التزام کرنا چاہئے کہ کنہ ذات
صرف جو تعلق ادراک و فہم سے معرا ہے احساس و ابصار
اسپر کوئی قدرت نہیں رکھتے اور یہ رویت خواص و
عوام کے حق میں تین وجہوں سے مختلف ہوتی ہے ایک
بسبب قرب و بعد دوسری بسبب کثرت و قلت حجاب
تیسری کمی و زیادتی معرفت صفات جو اسکو دنیا میں
حاصل کی اور تائید یہ ہے کہ بلاشبہ جسم ارضی کو نسبت روح
حیوانی ذات مقدسہ کو قلب میں پانے میں زیادہ تر حجاب
ہے علیٰ ہذا روح حیوانی کو بہ نسبت عالم مثال متوسط جو عالم
ملائکہ کا عالم ہے اور عالم مثال متوسط کو بہ نسبت عالم
مثال علوی جو ملائکہ مقربین کا مقام ہے جب انسان
عالم مثال کیطرف ترقی کرتا ہے تو اسی عالم کی صورت
حاصل کرتا ہے اور اسکا جسم ارواح علویہ کے حکم میں ہو جاتا ہے
یہاں جو کچھ غیب ہے وہاں شہادت ہے واشرقت الارض[1]

[1] اور زمین اپنے پروردگار کے نور سے چمک اٹھی ۱۲

بدیہی جلی است واللہ اعلم وعلمہ احکم

فصل دوم باید دانست کہ آنچہ در بعضی کتب
مذکور شد کہ ملائکہ را دیدار نباشد الا جبرئیل را و آنہم در تمام عمر
یکبار نشنیدہ نبود و جن را نیز دیدار نبود شیخ جلال الدین
سیوطی در رسالہ خود تحقیق کردہ است کہ این سخن صحیح نیست
زیرا کہ شیخ ابوالحسن اشعری کہ امام و رئیس اہل سنت و
جماعت است در کتاب خود تصریح کردہ است کہ ملائکہ را
در بہشت دیدار بود و امام بیہقی نیز بدان تخصیص کردہ و احادیث
نقل نمودہ است و بعضی از ائمہ متاخرین نیز ذکر کردہ اند
و اما جن اگر منع کند جای آن دارد چہ امام ابوحنیفہ و جماعتی
از ائمہ برآنند کہ ایشان را ثواب نبود و در بہشت نہ در آیند
غایت کار و نہایت جزای ایشان آن بود کہ از آتش
دوزخ نجات یابند و با وجود آن فضل خدا واسع است
تواند کہ در حق ایشان از وقایتی باین نعمت نیز نامزد گرداند
اگرچہ ہر روز و ہر جمعہ نبود چنانکہ آدمیان را باشد و در رویت
زنان نیز اختلاف کردہ اند و حق آنست کہ ایشان را
گاہ گاہی مثل ایام عید در ہنگامیکہ ایام بار عام و تجلی تام
باشد دیدار ہست چنانکہ خواص مومنان را صبح و شام
و عموم ایشان را در روزہای جمعہ چنانچہ در احادیث
وارد شدہ یافتہ اند دار قطنی از انس رض روایت میکند

رای المومنون ربہم فاخذ منہم عہدا آمنوا بنظر

انکار ہی واللہ اعلم وعلمہ احکم

دوسری فصل جاننا چاہیے یہ جو بعض کتابون میں
مذکور ہے کہ ملائکہ میں بجز حضرت جبرئیل علیہ السلام کے اور
کسیکو دیدار نہیں ہوگا اور انکو بھی اپنی عمر میں صرف ایکبار
اور جنات کو بھی دیدار نہوگا تو شیخ جلال الدین سیوطی
نے اپنے رسائل میں اسکی تحقیق کی ہے کہ یہ قول صحیح نہیں ہے
اسلئے کہ شیخ ابوالحسن امام اہل سنت والجماعت نے اپنی کتاب میں
تصریح کی ہے کہ ملائکہ کو بہشت میں دیدار ہوگا امام بیہقی نے
بھی اسکی تائید میں حدیثین نقل کی ہین اور بعض ائمہ متاخرین
نے بھی ذکر کیا ہے لیکن اگر جنات کی نسبت کہا جائے تو بیجا نہوگا
کیونکہ حضرت امام ابوحنیفہ اور بہت سے ائمہ اسکے قائل ہین کہ
جنات کے لئے ثواب نہیں اور نہ وہ بہشت میں جائینگے انکا
انجام انتہائی جزا یہ ہوگی کہ وہ دوزخ سے نجات پائیں پھر بھی
خدا کی رحمت وسیع ہے چاہے کبھی انکو اس نعمت سے بھی سرفراز
کردے اگرچہ روزانہ و ہر جمعہ کو آدمیونکی طرح نصیب نہیں اور
عورتون کے بارہ میں بھی لوگون نے اختلاف کیا ہے
حق یہ ہے کہ انکو کبھی کبھی بطور روز عید دیدار ہوگا نہ اسطرح
جیسا کہ عام مومنین کو جمعہ کے روز اور خاص کو صبح و شام
چنانچہ اس بارہ میں حدیثین پائی جاتی ہین دارقطنی
حضرت انس رض سے راوی ہین کہ مومنین نے

اپنے پروردگار کو دیکھا پس انسے اس امر کا عہد لیا گیا

الیہ فی کل جمعۃ وتراہ المومنات یوم
الفطر ویوم النحر گفتم من وتوفیق از خدا است
کہ نساء در عموم مومنین داخل اند چنانکہ ملائکہ و جن پس ہمہ
داخل این بشارت باشند غایت آنکہ تواند کہ این کرامت
مخصوص آدمیان باشد و جن و ملائکہ را نبود اگر دلیلی
برین بگذرد فلا محذور فیہ و لیکن اخراج نساء
جائز نباشد چگونہ تجویز توان کرد کہ فاطمہ زہرا و خدیجہ کبرے
و عائشہ صدیقہ و دیگر نساء اہل بیت رسول اللہ صلعم
و مریم و آسیہ کہ سیدات نساء عالم اند و کامل تر و ضعاف
اند از بسیارے مردمان از دیدار حق تعالے ممنوع و محجوب باشند
یا از عوام مردمان درین نعمت و کرامت کمتر باشند بلکہ
ایشان از عموم مومنات کہ در احادیث توقیت ایشان
با عیاد واقع شدہ است مخصوص و مستثنے دارند صورت
دارد چنانچہ سیوطی خود نیز بدان اشارت کردہ است و آنکہ
گویند نساء مقصورات در خیام باشند سخن ضعیف است
چہ در آنجا خیام حجاب نبود چنانکہ بیوت دنیا و در دو صیغہ
جمع مذکر در یراہ المومنین و انکم سترون
ربکم بطریق تغلیب شائع است واللہ اعلم و نیز سیوطی
گفتہ کہ این تخصیصات و تفصیل در رویت بعد از دخول
بہشت است الا در موقف مخصوص بکسے نبود بلکہ کافران
و منافقان را نیز بود و لیکن بصفت قہر و جلال و کفا

کہ وہ اسکو ہر جمعہ کے دن اور مومنات اسکو ایام
عید مین دیکھینگے۔ بتوفیق خدا میرا یہ قول ہی کہ ملائکہ
اور جن کی طرح عورتین بھی عوام مومنین مین داخل ہین
تو سب اس بشارت مین داخل ہین انتہا یہ ہو سکتی ہی
کہ یہ کرامت آدمیون کے ساتھ خاص ہو جن و ملائکہ کے
لئے نہو اگر کوئی دلیل اسپر گذرے تو کچھ دشوار نہین لیکن
عورتونکو اس کرامت سے خارج کر دینا جائز نہین کیسے
ہو سکتا ہی کہ حضرت خدیجہ کبرے و حضرت عائشہ
و حضرت فاطمہ زہرا اور باقی انحضرت صلعم کی بیبیان
اور حضرت مریم و آسیہ جو تمام عالم کی عورتون سے افضل
اور بہت آدمیون سے کامل ہین خدا کے دیدار سے محروم
و محجوب ہین اور اس نعمت و کرامت مین عام آدمیون سے بھی گھٹ
جائین بلکہ یہ عام مومنات سے مخصوص و مستثنے ہین جیسا کہ
سیوطی نے خود بھی اسکی طرف اشارہ کیا ہی۔ اور یہ جو
کہتے ہین کہ عورتین خیمون مین مستور ہونگی یہ قول ضعیف ہے
اسلئے کہ وہان کے خیمے نہین دنیا کے گھرونکی طرح حجاب نہوگا۔
اور دو نون جو صیغہ جمع مذکر ہو یعنی یراہ المومنین اور
انکم سترون ربکم یہ بطریق غلبہ ظاہر ہی واللہ اعلم اور
سیوطی نے یہ بھی لکھا ہی کہ یہ تخصیصات و تفصیل رویت مین
بعد از دخول بہشت ہین ورنہ موقف مین رویت کسی سے مخصوص
نہوگی بلکہ کفار و منافقین کو بھی ہوگی لیکن انکو بصفت قہر و جلال

بعد ازان محجوب شوند تا حسرت و عذاب زیاده شود واللہ
اعلم و در رویت حق سبحانہ در منام نیز خلاف است و
صحیح جواز اوست و از سلف نقل آن بسیار آمده از امام
احمد منقول است که گفت رب العزت را در خواب دیدم
پرسیدم که یا رب افضل عبادت و اقرب طرق بجناب تو
چیست فرمود تلاوت قرآن مجید و از امام اعظم نقل
است که صد بار رب العزت را بخواب دیده ابن سیرین
که از اکابر تابعین و قدوهٔ علماء تعبیر خواب است میگوید
که هر که پروردگار تعالی را در خواب دید در بهشت در آید
و از غم و اندوه نجات یابد و این حقیقت مشاهدهٔ قلبی است
نه رویت بصری و اگر به بصر بیند مثالے از وی دیده باشند
و حق تعالی را مثل نیست ولیکن مثال هست مثل دیگر است
و مثال دیگر مثل مساوی در جمیع صفات را گویند و در
مثال مساوات در جمیع صفات شرط نیست مثلا عقل را
با آفتاب در جمیع صفات مثل نیست و باوجود آن آفتاب را
مثال عقل مے آرند بمناسبت آنکه چنانکه محسوسات منکشف
بنور آفتاب اند انکشاف معقولات به عقل بود و این قدر
مناسبت در مثال بودن کفایت کند چنانکه پادشاه را
تمثیل با آفتاب کنند و وزیر را بماه کنند اگر کسی آفتاب را
بخواب بیند تعبیرش آن بود که بادشاه را دریابد و اگر
ماه را بیند تعبیرش دریافت وزیر باشد حق سبحانہ

اور وہ پھر محجوب ہو جائینگے تاکہ حسرت و عذاب بڑھ جائے
واللہ اعلم اور خواب مین حق سبحانہ کی رویت کی متعلق
بھی اختلاف ہے لیکن اسکا جواب صحیح ہے بزرگان سلف سے
یہ بات بہت منقول ہے امام احمد سے نقل ہے انہون نے
فرمایا کہ مینے حضرت رب العزت کو خواب مین دیکھا تو پوچھا
کہ تیرے نزدیک افضل عبادت اور نہایت قریب
راستہ کیا ہے ارشاد ہوا کہ تلاوت قرآن مجید حضرت امام
اعظم رحمہ سے منقول ہے کہ انہون نے سو بار حضرت حق عز اسمہ کو
خواب مین دیکھا ابن سیرین مشہور تعبیر دینے والے تابعی کہتے ہین
کہ جسنے پروردگار کو خواب مین دیکھا وہ بہشت مین جائیگا اور غم سے
نجات پائیگا اور یہ حقیقت مشاہدہ قلبی ہے نہ رویت بصری
اور اگر بصر سے دیکھین تو اسکی مثال دیکھینگے حق تعالی کی مثل
نہین ہے لیکن مثال ہے مثل اور چیز ہے اور مثال اور چیز مثل
کل صفات مین مساوی ہونیکو کہتے ہین اور مثال مین کل
صفات مین مساوات ہونا مشروط نہین مثلا عقل کل صفات مین
آفتاب کے مثل نہین پھر بھی عقل کی مثال آفتاب سے اس لئے
دیتے ہین کہ جسطرح محسوسات کا انکشاف نور آفتاب سے ہوتا ہے
اسیطرح معقولات کا انکشاف نور عقل سے ہوا اسیقدر مناسبت
مثال کیلئے کافی ہے جیسے بادشاہ کی تمثیل آفتاب اور وزیر کی ماہتاب سے دیتے ہین
اگر کوئی شخص آفتاب خواب مین دیکھے تو اسکی تعبیر یہ ہوگی کہ بادشاہ کو
پائیگا اور اگر ماہتاب دیکھے تو اسکی تعبیر وزیر کو پانا ہے حق سبحانہ نے

تعالی فرموده مثل نوره کمشکوة فیها مصباح
المصباح فی زجاجة و وی تعالی منزه است که
مصباح و زجاجه و مشکوة و شجره و زیت مثل وی بود
و قرآن را بحبل تمثیل کرده شک نیست که حبل مثل قرآن
نیست بلکه مثالے از و است و عالم منام عالم مثال
است و کیفیت رویت پیغمبر نیز ہمبرین طریق بود و تمام
تحقیق این کلام از بعضے رسائل امام حجة الاسلام باید طلبید
والله الموفق و در جواز رویت سبحانه تعالی در دنیا به بصر
در بیداری دو قول اند و استاد ابو القاسم قشیری صاحب
رساله فرموده است که قول صحیح عدم جواز است اما این
سخن در جواز امکان او ست و لیکن عدم وقوع و تحقیق
آن مر غیر آنحضرت را در شب معراج متفق علیه است و
اجماع محدثین و فقہا و متکلمین و مشائخ طریقت است که
اولیا را حاصل نیست و در تعرف میگوید که ہیچ یکے از مشائخ
ندانم که او دعاے آن کرده باشد و از ہیچ یکے حکایت آن
بصحت نرسیده مگر طائفه جاہل که ایشان از کسے نشناسند
و مشائخ اتفاق دارند بر تضلیل مدعی و تکذیب او
و گفته که ادعاے آن علامت عدم معرفت
حق است و ہر که این دعوے کند به حقیقت خدا
را نشناخته باشد و شیخ علاء الدین قونوی در شرح
تعرف میگوید که اگر از کسے معتبر نقل آن بصحت رسد

فرمایا کہ اُسکے نور کی مثال مثل طاق کے ہے کہ اُسمین
چراغ ہو اور چراغ شیشہ مین حالانکہ وہ اس سے منزہ ہے
کہ مصباح و زجاجہ و مشکوٰۃ و شجر و زیت اُسکی مثل ہو
اسیطرح قرآن شریف کی تمثیل حبل یعنی رسی سے دی
حالانکہ رسی مثل قرآن نہین بلکہ اُسکی ایک مثال ہے اور عالم
خواب عالم مثال ہے اور رویت پیغمبر صلعم کی کیفیت بھی
اسیطرح ہوگی اس کلام کی پوری تحقیق بعض رسائل امام
حجۃ الاسلام مین دیکھنا چاہئے۔ اب یہ امر کہ حق سبحانہ کا دیدار
انہین آنکھون سے دنیا مین ہوسکتا ہے یا نہین اسمین دو
قول ہین استاد ابو القاسم قشیری صاحب رسالہ قشیریہ
کے نزدیک قول صحیح عدم جواز ہے اور یہ بات اُسکے جواز
امکان مین ہے لیکن اُسکا عدم وقوع کسی کے لئے سوا
آنحضرت صلعم کے شب معراج مین متفق علیہ ہے اور متکلمین
و محدثین و فقہا و مشائخ طریقت کا اِسپر اتفاق ہے کہ
اولیا اللہ کو یہ بات حاصل نہین تعرف مین ہے کہ مینے
مشائخ سے کسیکو اس بات کا دعوی کرتے نہین سُنا اور نہ اُنکی
کوئی ایسی حکایت حدِ صحت کو پہنچی مگر جاہل گروہ جنکو کوئی نہین
جانتا اور مشائخ ایسے مدعی کی تضلیل و تکذیب پر متفق ہین
اور کہتے ہین کہ ایسا دعوی دلیل عدم معرفت حق ہے جو یہ دعوا
کرے وہ حقیقتاً خداشناس نہین شیخ علاء الدین قونیوی
شرح تعرف مین لکھتے ہین کہ اگر کسی معتبر بزرگ سے ایسی حکایت پایہ صحت
و ثبوت کو پہنچے۔

تاویلش باید کرد واللہ اعلم وعلمہ احکم۔

فصل سوم

بالجملہ رویت عنایتِ الٰہی است
و درو واجب نیست اجتماع شرائط و عنایتِ الٰہی
خروج این را از تحتِ قدرت بوجود شرائط موقوف
نداشتہ لہذا چیزے از شرائط واجب نیست چنانچہ در
امور روزانہ ہمچنین دیدہ میشود کہ گاہے عطا بے حیثیت
خدمت میشود پس دفع گردید اعتراض معتزلہ از عقلیات
و آنانچہ در قرآن مجید وارد شدہ کہ لا تدرکہ
الابصار مراد از ابصار ابصار کفار اند و قطع نظر ازین میتواند بود

تو اسکی تاویل کرنا چاہیئے[1] ۔ واللہ اعلم وعلمہ احکم۔

تیسری فصل

بالجملہ رویت ایک عنایت الٰہی ہے
جسمین اجتماعِ شرائط واجب نہین اور نہ عنایتِ الٰہی شروط
کے وجود پر موقوف ہی لہذا اسکے لئے کوئی شرط واجب
نہین جیسا کہ روزانہ کے امور مین دیکھا جاتا ہے کہ
کبھی عطا بلا حیثیت و خدمت بھی ہوتی ہے پس
اعتراض معتزلہ جو عقلی ہے دفع ہو گیا۔ اب یہ جو
قرآن شریف مین ہے کہ اسکا ادراک بصارتین نہین
کر سکتین ان ابصار سے ابصار کفار مراد ہین علاوہ اسکے یہ بھی ہو سکتا ہے

[1] جاننا چاہیے کہ یہ کل بحث مشاہدۂ ذات بلا حجاب کے بارہ مین ہی ورنہ تجلیِ حق مظاہر مین آیات و احادیث
قطعی ثابت ہی اور انبیا علیہم السلام و اولیاءِ کرام کو برابر اس سے حصہ حاصل ہوا اور ہوتا رہتا ہی جیسا کہ کلام مجید
مین ہی کہ ہیئے درخت سے موسیٰ کو آواز دی کہ انی انا اللہ لا الٰہ الا انا اور یہی تجلی مظاہر مین حضرات صوفیہ
کے مشہور مسئلہ توحید وجودی کی روح ہی کیونکہ موجودیت اشیاءِ عالم کی حقیقتاً غیر اسکے کچھ نہین کہ حضرتِ حق نے
مطابق استعداد اعیانِ ثابتہ فی العلم کے تجلیِ اظہاری فی الخارج فرمائی ہے اور اس تجلی ذاتی سے ہر ذرہ اپنے
شاکلہ مین انا ولا غیری کا دم مار رہا ہے پس کوئی شخص کسی چیز کو عالم مین نہین دیکھتا ہے مگر یہ کہ ذاتِ حق بقدر
استعداد اُس شاکلہ کے مشاہدہ مین آتی ہے اور یہ منافی آیۂ کریمہ لا تدرکہ الابصار وھو یدرک
الابصار کے نہین کیونکہ مسئلۂ وحدت الوجود کی رو سے رائی اور مرئی و رویت یہ تینون چیزین
ایک ہین اور یہی فردیت حضرتِ وجود کی ہے پس دیکھنے والا بحیثیت رائی ہونے کے شئے مرئی سے
مافوق ہو جاتا ہے۔ لہذا ذات باوجود تجلی فی العالم کے من حیث الذات رویت سے ماورا ہے
کیونکہ رویت ایک صفت ہے نہ کہ ذات لیکن ذات کو صفت کے ساتھ ایک ایسی نسبت ذاتی ہے
کہ کسی صفت کا وجود و ظہور بلا ذات کے ممکن نہین اور وجود من حیث الوجود ذات کا وجود ہے پس
یہ کہنا کہ ذات دیکھی نہین جا سکتی اور یہ کہنا کہ بجز ذات کے کوئی شئے مشاہدہ مین نہین آتی ان دونون کے
ایک معنی ہین کیونکہ مدرک باوجود اپنے ادراک اور شئے مدرکہ دونون کے عین ہونے کے بنفسہ
ذات مین دونون سے ماورا رہتا ہے خصوصاً جبکہ اپنا ادراک آپ کرے پس یہ کل بیانات مندرجہ
کتاب حضراتِ محدثین وغیرہم کے رویتِ ذات من حیث الذات سے متعلق ہین نہ رویت ذات فی
الصفات و فی التجلیات سے اور یہی معنی ذات مین تجلی ممنوع ہونے کے ہین کہ مشہد العین سے فی العین مین بوجہ
عینیت کی رویت کی گنجایش نہین۔ وھذا لا یخفی علی من لہ قلب سلیم ۱۲ مترجم

که معنی آیة چنین بود که لا تدرکه الابصار علی
وجه الاحاطة بجوانب المرئی فی عموم
الاحوال والاوقات پس این آیت مفید عموم
نفی است نه نفی عام وادراک مطلق و یاد دارم که
حضرت استادی هنگام قرائت شرح عقائد در
اثنای این بیان ارشاد فرموده بودند که در آیه کریمه
معنی اول بنظر تحقیقی وغیر تاویلی اند پس دفع گردید
اعتراض معتزله از نقلیات نیز واما آنچه که قوم موسی
بسوال رویت پیش آمد آن بوجه عناد و تعنت قوم
بود در طلب شان نه آنکه رویت فی ذاتها ممتنع
ورنه موسی عم ضرور منع میفرمود وخود چرا طالب ممتنع
میشد و عدم منع موسی عم مشعر است بآنکه رویت
بجد ممکن است وازینجاست اختلاف برویت
حضرت صلعم عائشه صدیقه رض میفرمایند هرکه گوید که
آنحضرت خدا را دید دروغ گفت و دلیل همین آرند
آیت لا تدرکه الابصار را واکثر صحابه مخالف
این دلیل اند ومقرر است که قولیکه دران صحابه
مختلف بوند آن قول قابل حجت نیست امام نووی
از قول ابن جریر میفرماید که گفت عائشه رض نفی رویت
از حدیث مرفوع نکرده اگر حدیث مرفوع
معلوم میشد البته بیان واقعی میفرمودند و در تفسیر

که اس آیت کی معنی اسطرح هون که اسکا ادراک ابصار نہین
اسطرح نہین کرسکتین که جسطرح عام حالات و اوقات
مین اس چیز کو دیکهکر اسکا احاطه کرلیتی هین تو یه آیت
عموم نفی کو مفید هی نه نفی عام وادراک مطلق کی مجهکو یاد هی
که میری حضرت استاد نے شرح عقائد پڑهاتے وقت
اس بیان کی اثنا مین مجهسے فرمایا تها که آیه کریمه مین بنظر
تحقیق معنی اول تحقیقی وغیر تاویلی هین پس اعتراض معتزله
نقلیات سے بهی دفع هوگیا اور حضرت موسی علیه السلام کی قوم کو سوال رویت
مین جو کچه پیش آیا وه بسبب انکے طلب مین سختی کرنیکے هوا نه یه که
رویت فی ذاتها منع تهی اگر ایسا هوتا تو حضرت موسی عم
ضرور منع فرماتے اور خود ایسی ممتنع چیز کی طالب هوتی
حضرت موسی عم کا منع نه کرنا خود اسکا مشعر هی که رویت بهی
ممکن هی اور یہین سے آنحضرت صلعم کی رویت مین اختلاف
حضرت عائشه صدیقه رض فرماتی هین که جو شخص یه کهی که آنحضرت
صلعم نے خدا کو دیکها اسنے جهوٹ کها اور وه اسی آیت
لا تدرکه الابصار کو دلیل مین پیش کرتی هین اور اکثر صحابه
اس دلیل کی مخالف هین اور یه امر مقرر هی که جس قول مین صحابه
مختلف هون وه قول قابل حجت نہین امام نووی بسند قول
ابن جریر فرماتی هین که قول حضرت عائشه نفی رویت
حدیث مرفوع سے نہین کی اگر کوئی حدیث مرفوع
هوتی تو ضرور بیان فرماتین تفسیر شاهی مین

که در آیت نفیِ ادراک است نه نفیِ رویت و معنیِ ادراک
واقف شدن بر جوانب حدود شئ مرئی است
و رویت دریافت کردن شئ است به بصر پس از
نفیِ ادراک نفیِ رویت لازم نمی آید و مراد از ابصار
ابصار کفار اند چنانکه از استاد بالا نقل کردم انس رض
و ابن عباس و حسن و عکرمه رضی الله عنهم قائل اند که
آنحضرت بچشم خود خدا را دید چنانچه ترمذی از عکرمه
روایت میکند که گفت ابن عباس دید آنحضرت پروردگار
خود را بچشم سر من گفتم فرستادم که پس حق لا تدرکه
الابصار چرا فرمود ابن عباس گفت که افسوس
بر فهم تو این آنوقت فرمود که حضرت حق بنور ذات
تجلی فرماید و ابن عمر از ابن عباس گفته فرستاد
که آنحضرت رب خود را در معراج دید یا نه گفت
ابن عباس که آری و بعد از آن ابن عباس گفت
که حق خلت ابراهیم را داد و کلام موسی را و رویت
محمد صلعم را کذا فی المعالم و ابی ذر روایت میکند
که پرسیدم از رسول الله که آیا دیدی پروردگار
خود را فرمود که یکبار لا ریب دیدم او را کما لاحظه کنانیده
شدم و مروزی از امام احمد گفت که عائشه رض میگفت
هر که گفت آنحضرت رب خود را دید افترا کرد بر خدا
پس این کلام چگونه دفع کرده شود امام فرمود

کہ آیت مین نفیِ ادراک ہے نہ نفیِ رویت اور ادراک کے
معنی یہ ہین کہ شئ مرئی کے حدود و جوانب سے واقف ہو اور
رویت کہتے ہین کسی شئ کے بصر سے دریافت کرنیکو پس
نفیِ ادراک سے نفیِ رویت لازم نہین آتی اور ابصار سے
ابصار کفار مراد ہین جیسا کہ مینے استاد سے اوپر نقل کیا
حضرت انس اور ابن عباس و حسن و عکرمہ رضی اللہ عنہم اسکے
قائل ہین کہ آنحضرت صلعم نے اپنی آنکھ سے خدا کو دیکھا
چنانچہ ترمذی نے عکرمہ رض سے روایت کی ہے کہ حضرت
ابن عباس رض نے کہا کہ آنحضرت صلعم نے اپنے پروردگار کو
بچشم سر دیکھا جب عکرمہ نے یہ سنا تو انکے پاس کہلا بھیجا کہ پھر خدا
تعالی نے لا تدرکہ الابصار کیون فرمایا حضرت ابن عباس
نے کہا کہ تمہاری سمجھ پر افسوس یہ ارشاد اسوقت کے لئے ہے جب
حضرت حق بنور ذات تجلی فرماوے حضرت ابن عمر نے حضرت
ابن عباس سے پوچھ بھیجا کہ آنحضرت نے معراج مین اپنے پروردگار
دیکھا تھا یا نہین انہون نے کہا کہ ہان پھر کہا کہ حق نے خلت
ابراہیم کو اور کلام موسی کو اور رویت محمد صلعم کو عطا کی
جیسا کہ معالم مین ہے اور ابی ذر سے مروی ہے کہ انہون نے پوچھا
کہ یا رسول اللہ کیا آپنے پروردگار کو دیکھا فرمایا کہ بیشک ایکبار
مینے اسکو دیکھا اور اسی نے مجھے کہلایا مروزی نے حضرت امام احمد سے
کہا کہ حضرت عائشہ رض نے فرمایا کہ جسنے یہ کہا کہ آنحضرت نے اپنے رب کو دیکھا
اسنے خدا پر بہتان کیا تو یہ قول کیسے دفع ہو سکتا ہے امام نے فرمایا

از قولِ نبوی که سر آیت دنیٰ و قولِ نبوی بالاتر است
از قولِ عائشه کذا فی المواهب و در شفای قاضی عیاض
است که نقاش از امام احمد حکایت میکند که امام میفرمایند
که من بمعانئه حدیث ابنِ عباس میگویم که حضرت صلعم
خدا را بچشم سر دیده است و این کلام را چندان تکرار فرموده
که زبانِ او خاموش شد و از امام ابو الحسن اشعری و امام
حسن بصری مروی است که قسم خورده گفت که آنحضرت
پروردگارِ خود را دیده است و اکثر صحابه بر همین متفق اند
و همین مذهب عروه ابن زبیر و کعب احبار و زهری
و تمام صحابه و تابعین و تبع تابعین است رضوان الله
علیهم اجمعین و مسلم ابو العالیه او از ابنِ عباس در تفسیر
ما کذب الفواد ما رای نقل میکند که آنحضرت
نہ جھوٹ بولا قلب اس چیز میں جسکو دیکھا ۱۲
حق را دو بار بدیدۂ دل هم دیده و طبرانی میگوید که یکبار
از دیدۂ دل و بار دوم از دیدۂ سر و نیز همچنین اختلاف
است در معراج خواب یا بیداری بعضے در بیداری
بروح و جسد قائل اند و بعضے در خواب صرف بروح
اما آنانکه در خواب میگویند دلیل می آرند بقول عائشه
ما فقدت جسد رسول الله صلعم در شب آنکه
این قول قابلِ استدلال نیست چرا که قصۂ معراج
بروح و جسد در بیداری بروایتِ صحیحه قبلِ هجرت بود
و حضرتِ عائشه رض را همبستری در مدینه منوره نصیب شد

که خود آنحضرت صلعم کے اس ارشاد سے که میں نے اپنے پروردگار
دیکھا اور آپکا قول قولِ عائشه رض سے بالاتر ہے جیسا کہ مواہب
میں ہے اور شفای قاضی عیاض میں ہے کہ نقاش حضرت
امامِ احمد سے حکایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں
ابنِ عباس کی حدیث دیکھ کر کہتا ہوں کہ آنحضرت صلعم نے
خدا کو بچشم سر دیکھا ہے اور اس بات کی اسقدر تکرار فرمائی
که کہتے کہتے تھک گئے اور امام ابو الحسن اشعری و امام حسن بصری سے
مروی ہے کہ ان دونوں نے قسم کھا کر کہا کہ آنحضرت نے اپنے
پروردگار کو دیکھا ہے اور اکثر صحابہ اسی پر متفق ہیں اور یہی مذہب
عروہ ابن زبیر و کعب احبار و زہری اور تمام صحابہ و تابعین
و تبع تابعین کا ہے اور مسلم ابو العالیہ سے اور وہ حضرت ابن عباس
آیۃ ما کذب الفواد کی تفسیر میں نقل کرتے ہیں کہ آنحضرت
صلعم نے دیدۂ دل سے بھی دو بار حق تعالیٰ کو دیکھا ہے
اور طبرانی کے نزدیک ایکبار دیدۂ دل اور دوسری بار دیدۂ سر
سے دیکھا ہے۔ اسیطرح معراج کے متعلق بھی اختلاف ہے
کہ بیداری میں ہوئی یا خواب میں بعضے بیداری میں روح و جسم
ساتھ قائل ہیں اور بعضے خواب میں صرف روحی معراج کے
جو لوگ معراج خوابی کے قائل ہیں وہ حضرت عائشه کے اس قول
پیش کرتے ہیں کہ رسول الله کا جسم گم نہیں ہوا اسکا جواب یہ ہے کہ یہ قول قابل
نہیں کیونکہ قصہ معراج روحی و جسدی بیداری میں بروایت صحیحہ قبلِ ہجرت
واقع ہوا اور حضرت عائشه کو ہمبستری مدینہ منورہ میں نصیب ہوئی

شاید معراج روحی ہم در مدینہ بحالتِ خواب بوقوع پیوستہ باشد
کہ ایشان حکایت ازان میکنند و در اے این روایت ہم
عائشہ رضی غالب نمیتوانند شد بروایت آنہا کہ این معاملہ را
دیدہ اند و بطریق مشاہدہ بیان کردہ اند کذا فی المدارج
و در شرحِ عقاید ہست کہ والمعنی ما فقد جسدہ
عن الروح بل کان معہ روحہ وجوابِ قولِ
انس رضی کہ مقوی قول قائلین معراجِ روحیست صاف
ظاہر ہست کہ انس مشاہدہ معراج نکرد و نہ از حضرت
شنفت چہ معراج قبلِ ہجرت بود و انس بشرفِ
خدمتِ حضرت بعد ہجرت مشرف شدہ اند و بعضے
دلیلِ معراجِ خوابی آیہ کریمہ مے آرند وما جعلنا
الرؤیا التی اریناک الا فتنۃ للناس و این
آیہ در حالِ معراج نازل شدہ شیخ بدر الدین زرکشی
از جریری و امام مالک نقل میکنند کہ رؤیا بمعنی دیدن
چشم نمی آید جواب اینکہ این حجت ناتمام است چہ رؤیا
بمعنی رویت بعد ہم آمدہ است چنانکہ قریب قرآن
فی رسالۃ المعراجیۃ للرازی ان الرؤیا
ہی الرؤیہ یقال رأی یری رؤیۃ ورؤیا واذا
کان الرؤیا والرؤیۃ واحد فی المعنی
فلا ینبغی للخصم فیہ حجۃ بل نقول ہذہ

ممکن ہی کہ معراج روحی مدینہ میں بھی خواب میں ہوئی ہو
جسکی وہ حکایت کرتی ہیں علاوہ اسکے حضرتِ عائشہ
کی روایت اُن لوگون کی روایت پر جنہوں یہ معاملہ
دیکھا اور بطریقِ مشاہدہ بیان کیا ہی غالب نہیں ہو سکتی
کذا فی المدارج شرحِ عقائد میں ہی کہ اسکے معنی یہ ہیں کہ آپکا
جسم روح سے جدا نہیں ہوا بلکہ آپکی روح کے ساتھ تھا اور
جواب قول انس رض کہ مقوی قولِ قائلین معراج روحی ہی
صاف ظاہر ہی کہ انس رض نے مشاہدہ معراج نہیں کیا اور نہ
آنحضرت صلعم سے سنا کیونکہ معراج قبلِ ہجرت ہوئی تھی
اور انس رض آنحضرت کی شرفِ خدمت سے بعد ہجرت مشرف
ہوئے ہیں اور بعض معراج خوابی کی دلیل اس آیت سے لاتے ہیں
کہ وما جعلنا الرؤیا التی الخ اور یہ آیت حالِ معراج
میں نازل ہوئی شیخ بدر الدین زرکشی جریری اور امام مالک سے
نقل کرتے ہیں کہ رؤیا آنکھہ سے دیکھنے کے معنی میں نہیں آتا ہی
اسکا جواب یہ ہی کہ یہ حجت ناتمام ہی کیونکہ رؤیا رویت
بصر کے معنی میں بھی آیا ہی جسطرح قریب و قرآن رسالہ معراجیہ
امام رازی میں ہی کہ رؤیا سے مراد رویت ہی کہا جاتا ہی رای
یری رؤیۃ ورؤیا اور جب رؤیا اور رویت کے ایک معنی
ہوئے تو مخالف کے لئے اس میں حجت لائق
نہیں بلکہ ہم کہیں گے کہ یہ آیت قولِ معراج کی صحت پر
حجت ہی [illegible]

ملہ ہمنے اس رویت کو جو تمکو دکھلائی آدمیوں کے لئے فتنہ کیا ہی ۱۲

الآية حجة على صحة القول بالمعراج لان هذه
تدل على ان هذه الرويا صارت فتنة للناس
لان اليهود قد يرى العرش والكرسي والجنة
والنار في النوم فكيف يبعد ذلك من محمد صلعم
فعلمنا ان الفتنة انما وقعت لانه صلعم
ادعى رويتها في اليقظة بالشخص وثبت
ان هذه الآية تدل على انه صلعم ادعى
حصول هذه الحالة في اليقظة وكل ما
ادعاه فهو حق فثبت ان هذه الآية دالة
على صحة قولنا انتهى وابن عباس درین آیت
رویا را تفسیر برویة بصر میفرمایند وپرظاهر است که رویت
بصر فتنه وآزمایش است همان موجب انکار وکفر کفار
وباعث ازدیاد ایمان مومنان میشود ورنه درخواب
مقام انکار نه که خواب عادتی است که دیده میشود وبر تقدیر
تسلیم اینکه رویا بمعنی دیدن درخواب است نه به بصر این
از کجا ثابت شد که این آیت در قصه معراج نزول یافته
چراکه اهل تحقیق نزول این آیت را در قصه حدیبیه بیان کرده اند
واز رویا آن خواب مراد میگیرند که آنحضرت دیده بودند
که عمره ادا کردم وطواف خانه کعبه بجا آوردم الی آخر القصه
وکسانیکه میگویند که این آیت از سوره مکی است وقصه مدنی

اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ رویا لوگوں کے لئے فتنہ
ہو گئی کیونکہ یہود بھی عرش وکرسی وجنت ودوزخ
خواب میں دیکھتے تھے پس یہ امر رسول اللہ صلعم سے
کیا بعید ہے لہذا معلوم ہوا کہ سبب فتنہ یہ ہوا کہ رسول اللہ
صلعم نے بحالت بیداری اپنی رویت شخصی کا دعویٰ
کیا اور یہ ثابت ہے کہ یہ آیت اس امر پر دلالت
کرتی ہے کہ رسول اللہ صلعم نے بیداری میں اس
حالت کے حصول کا دعوی کیا اور جس چیز کا دعوی
آپنے کیا وہ حق ہے لہذا ثابت ہوا کہ یہ آیت ہمارے
صحت قول پر دلالت کرتی ہے انتہی حضرت ابن عباس
اس آیت میں رویا کی تفسیر رویت بصر سے فرماتے ہیں
اور یہ ظاہر ہے کہ رویت بصر فتنہ وآزمایش ہے اور وہی
سبب انکار کفر کفار اور باعث ازدیاد ایمان مومنین ہے
ورنہ خواب میں انکار کی وجہ نہیں کیونکہ خواب عادتاً
دیکھا جاتا ہے اور اگر یہ بھی مان لیا جائے کہ رویا کے معنی خواب میں
دیکھنے کے ہیں نہ آنکھ سے دیکھنے کے تو بھی یہ کہاں سے
ثابت ہوا کہ یہ آیت معراج کے قصہ میں نازل ہوئی کیونکہ
اہل تحقیق کہتے ہیں کہ یہ آیت قصہ حدیبیہ[1] میں نازل ہوئی اور رویا سے خواب
مراد لیتے ہیں جو آنحضرت صلعم نے دیکھا تھا کہ میں نے عمرہ ادا کیا اور طواف
خانہ کعبہ کیا تا آخر قصہ اور جو لوگ کہتے ہیں کہ یہ آیت مکی سورۃ کی ہے اور قصہ مدنی

[1] حدیبیہ ایک گاؤں ہے مکہ معظمہ سے تقریباً دو کوس ۱۲

لہذا تردد است پس رفع تردد میشود کہ خواب آنحضرت

در مکہ دیدہ باشند و ہنگام تشریف آوری بمدینہ

ہمو نجا بیان فرمودہ و ابو العباس قرطبی میفرماید کہ

مراد از رویا رویت عین است فی قصۃ نزول

جبرئیل ببدر الی آخرہا و قعہا اگر از رویا خواب

ہم مراد گردد میتواند چہ کہ ممکن است کہ آنحضرت این

معاملہ را در خواب ہم دیدہ باشند کہ در جنگ بدر

بچشم ظاہر مشاہدہ فرمودہ و وجوہ معقولہ منکرین نیز

چند اند اول آنکہ جسد ثقیل است کائن الفساد پس

صعودش بسوی سموات و عرش چسان معقول شود

جوابش اینکہ مرویست کہ آنحضرت بعد مراجعت

چون خبر داد اہل مکہ را بدان ابوجہل گفت تا حال

میگفتی کہ جبرئیل از آسمان بما مے آید و ما تصدیق تو

نمیکردیم اکنون بہر رفتن خود میگوئی و آنہم در ساعتے

پس چگونہ تصدیقت کنیم و برفت پیش صدیق اکبر

و گفت نمیگفتم ترا کہ (معاذ اللہ) صاحب تو کاذب

است و نمیگفتم کہ پرہیز اندر زہمہ تلخ مانہ پذیرفتی اینک

چہ میتوانی گفت کہ قطعاً کذبش ظاہر شد ابوبکر

پرسید کہ از چہ گفت کہ میگوید شب گذشتہ بآسمان

رفتم و گردیدم در جنان و دوزخ و رجوع کردم و در

اِسلئے تردد ہوتا ہی تو وہ بہی یون رفع ہوتا ہی کہ حضرت

صلعم نے خواب مکہ مین دیکھا تہا اور مدینہ مین تشریف لاکر

بیان فرمایا ہو ابو العباس قرطبی کہتے ہین کہ اِس قصہ

مین جو بدر[1] مین نزول جبرئیل کا ہی رویا سے رویت

عین مراد ہی اور اگر رویا سے خواب بہی مراد لین تو

ہو سکتا ہی کیونکہ ممکن ہی کہ آنحضرت صلعم نے یہ معاملہ

خواب مین بہی دیکھا ہو جو جنگ بدر مین آنکہ سے ملاحظہ فرمایا

اور وجوہ معقولہ منکرین بہی کئی ہین اول یہ کہ جسم ثقیل

کائن الفساد ہی اُسکا صعود آسمان و عرش پر کیسے ہو سکتا ہی

موجود حادث ۱۲

اِسکا جواب یہ ہی کہ آنحضرت صلعم نے جب واپس تشریف

لاکر یہ خبر اہل مکہ کو دی تو ابوجہل نے کہا کہ اب تک تو

تم کہتے تھے کہ آسمان سے جبرئیل میرے پاس آتے ہین

اور ہم اُسی کو نہین مانتے تہے تو اب جو تم اپنے جانے

کی بابت کہہ رہی ہو اور وہ بہی ایک گہڑی مین اِسکو

کیسے مان لین۔ پہر وہ حضرت صدیق اکبر کے پاس

جاکر کہنے لگا کہ مین تمسے نہین کہتا تہا (معاذ اللہ) تمہارا ساتہی

جہوٹا ہی ایسے شخص سے پرہیز کرو تمنے میری نصیحت نہ مانی

اب کیا کہہ سکتے ہو اُسکا جہوٹ تو ظاہر ہو گیا حضرت

ابوبکر نے پوچہا کہ کس بات سے جہوٹ ظاہر ہوا کہنے لگا کہ

کہتے ہین کہ مین شب گذشتہ آسمان پر گیا اور جنت و دوزخ کی

[1] بدر اُس مقام کا نام ہے جہان کفار سے اور رسول اللہ صلعم سے سنہ ۲ھ مین لڑائی ہوئی ۱۲

ساعتِ واحد ابوبکر رضی اللہ عنہ فرمود کہ اگر فرمودہ
راست است و حاشا ابوبکر صدیق ابی جہل جاہل را
تصدیق نکردہ بل رسول اللہ را و برفت پیش آنحضرت
وازین خبر خبر بازجست آنحضرت فرمود کہ آیا راست
بے کاست خواہی دانست و عقل جزوی را دخل
نخواہی داد عرض کرد کہ چرا نہ تصدیق خواہم کرد کہ
ہرگاہ حق تعالےٰ قادر ہست بر اہباط جبرئیل از آسمان
بر زمین با اینہمہ کہ او روحانی است ہبوط نمیتواند
پس اگر ترا بر آسمان برد چہ محال باشد آنحضرت
با ابوبکر ہمدرین قیل و قال بود کہ بیاورد جبرئیل علیہ السلام
والذی جاء بالصدق وصدق بہ پس
جائی بالصدق آنحضرت شد والذی صدق
ابوبکر صدیق ازان روز صدیق نام یافت شبہہ
دوم اینکہ اینقدر مسافتِ طویلہ چگونہ ممکن است کہ
قطع شود درین مدت قلیلہ جوابش بوجوہ اینکہ اولاً
چنانکہ نزول جبرئیل از اعلی السموات در زمانہ قلیلہ بعید
نیست ہمچنین صعود آنحضرت چسان بعید میتواند۔
ثانیاً آنکہ در علم ہندسہ ثابت شدہ کہ نسبتِ قطر
بسوے دور ہمچو نسبتِ واحد است بہ ثلاثہ

اور ایک ساعت مین لوٹ آیا حضرت ابوبکر نے فرمایا کہ اگر
اُنہون نے یہ فرمایا ہو تو سچ ہے اور اسیطرح اُنہون نے ابو جہل جاہل
کی بات نہ مانی بلکہ رسول اللہ صلعم کی تصدیق کی اور آپکی
خدمت مین حاضر ہو کر دریافت کیا آنحضرت صلعم نے
فرمایا کہ آیا بیکم و کاست سچ سمجھو گے اور عقلِ جزوی کو
دخل تو نہ دو گے اُنہون نے عرض کیا کہ مین تصدیق کیون
نکرونگا حالانکہ یہ جانتا ہون کہ خداوند تعالےٰ جبرئیل کو
آسمان سے زمین پر اُتارنے مین قادر ہے باینہمہ کہ وہ روحانی
ہین اور اُتر نہین سکتے پس اگر ہے آپکو آسمان پر لے گیا تو
کیا دشوار ہوا آنحضرت صلعم حضرت ابوبکر سے یہ باتین
کر رہے تھے کہ حضرت جبرئیل اُترے اور یہ آیت لائے کہ والذی[لہ]
جاء بالصدق پس جائی بالصدق آنحضرت صلعم
ہوئے اور والذی صدق ابوبکر صدیق۔ اُسی روز سے
اُنکا نام صدیق ہو گیا۔ دوسرا شبہہ یہ کہ اتنی بڑی مسافت
